انسانیت شیطان کی گرفت میں

مرتب مولانا حافظ مشتاق احمد عباسی مدظلہ صفحات ۳۱۴
قیمت درج نہیں۔

ناشر! ادارہ صدیقیہ گارڈن ویسٹ کراچی ۳

حضرت مولانا حافظ مشتاق احمد عباسی مدظلہ جواں سال عالم، مدرس اور صاحب تصنیف و تالیف ہیں گذشتہ کئی سالوں سے ان کی کتاب پر کتاب آرہی ہے اور علمی و دینی حلقوں میں شرف قبولیت اور پذیرائی حاصل کر رہے ہیں موصوف ماہنامہ الہادی کے مدیر بھی ہیں "انسانیت شیطان کی گرفت میں" ان کی تازہ ترین تالیف ہے جو علامہ ابن جوزیؒ کی تلبیس ابلیس، ابن حجر تیمی کی زواجر ہندی اور شبیر حسین چشتی نظامی کی "جنات کے پراسرار حالات" کے علاوہ اکابر علماء دیوبند کے افادات سے ماخوذ ہے۔ شیطان ایک عظیم دشمن ہے کبھی رہبر کی شکل میں، کبھی مصلح کی شکل میں، کبھی وساوس کی شکل میں اور کبھی نیکی کی شکل میں حملہ آور ہوتا ہے پیش نظر کتاب میں اس کے داؤ فریب سے بچنے اور راہ ہدایت اپنانے کے طریقے بتائے گئے ہیں شیطانی قوتوں کی طرق واردات اور اس سے حفاظت کے اسباب کی نشاندھی کی گئی ہے بے حد مفید اور نافع ہے ہر مسلمان کے لیے اس کا مطالعہ ضروری ہے۔

خطبات دینپوری ۲ جلد

مرتب۔ قاری جمیل الرحمان اختر صفحات جلد اول ۲۸۴ جلد دوم ۳۵۲
قیمت درج نہیں۔ ناشر انجمن خدام الاسلام باغبانپورہ

حضرت مولانا عبدالشکور دینپوری، ایک درویش صفت عالم دین، مجاہد فی سبیل اللہ، علماء حق کے مشن کے علمبردار، توحید کے داعی اور ایک صاحب طرز خطیب تھے انہوں نے تمام عمر حق و صداقت کا پھریرا لہرایا اور صداقت و خلوص سے دین حقہ کی دعوت دی اپنی مخلصانہ خطابت کا سکہ جمایا حضرت مولانا قاری جمیل الرحمن اختر نے ان کے خطبات کو ان ہی کے الفاظ میں نقل کر کے خطبات دینپوری دو جلدوں میں مرتب فرمائی جو واقعتاً ایک علمی تحفہ، علماء واعظین اور خطباء کے لیے ایک نادر شہ پارہ اور عامۃ المسلمین کے لیے نافع مطالعاتی سوغات ہے کسی بھی لائبریری کو اس سے خالی نہیں ہونا چاہیے طلباء مدارس عربیہ بھرپور استفادہ کر کے فن خطابت میں اپنے روشن مستقبل کی راہ بنا سکتے ہیں۔

مسنون دعائیں

ایک مسلمان کی زندگی اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات اور ہدایات کا نمونہ ہونا چاہیے آپؐ نے صبح سے لے کر شام تک جو اعمال کیے ہیں سراسر ہدایت اور رامت کے لیے اسوۂ حسنہ ہیں ان اعمال حسنہ میں آپؐ کی شب و روز کی دعائیں جو بمقتضائے حدیث عبادت کا مغز اور جوہر (مخ العبادۃ) ہیں حضرت مولانا حفظ الرحمان الاعظمی الندوی مدظلہ نے جیبی